حیسکو پریس ریلیز مورخہ 24.07.2026:

کرنٹ لگنے سے لائن مین (ون) غلام شبیر ولد فقیر محمد ملاح شہید، حیسکو انتظامیہ کا فوری ایکشن، متعلقہ افسران معطل، اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد: (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) کے آپریشن سب ڈویژن ہالا میں پیش آنے والے ایک افسوسناک حادثے کے نتیجے میں لائن مین (ون) غلام شبیر ولد فقیر محمد ملاح دورانِ ڈیوٹی کرنٹ لگنے سے شہید ہو گئے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے واقعے کا فوری اور سخت نوٹس لیتے ہوئے ابتدائی طور پر متعلقہ افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن ہالا اسد علی ابڑو اور لائن سپرنٹنڈنٹ جے رام کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ حادثے کی وجوہات، حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد، سپروائزری ذمہ داریوں اور دیگر تمام متعلقہ پہلوؤں کا مکمل اور غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے۔ اس مقصد کے لیے سیفٹی ڈائریکٹوریٹ کو تفصیلی انکوائری سونپی گئی ہے اور ہدایت کی گئی ہے کہ مقررہ مدت میں جامع تحقیقاتی رپورٹ پیش کی جائے تاکہ ذمہ داری کے تعین کے بعد قواعد و ضوابط کے مطابق مزید محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا مزید کہنا تھا کہ حیسکو میں ملازمین کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور دورانِ ڈیوٹی حفاظتی اصولوں (Safety SOPs) پر کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام فیلڈ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ بجلی کے نظام پر کام شروع کرنے سے قبل حفاظتی ضابطوں، لائن کلیئرنس، پرمٹ ٹو ورک اور ارتھنگ سمیت تمام حفاظتی اقدامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ حیسکو انتظامیہ نے شہید لائن مین غلام شبیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔